الطاف حسین کی وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ٹیلیفون پر گفتگو، راولپنڈی میں دہشت گردی کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا
واقعہ قومی سانحہ ہے، اس قومی سانحہ پر ہم حکومت اور مسلح افواج سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور انکے غم میں شانہ بشانہ شریک ہیں
عوام دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مسلح افواج، لاء انفورسمنٹ ایجنسیز اور حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کریں
علمائے حق سے بھی کہا کہ وہ بھی آگے آئیں اور دہشت گردوں کے خلاف عوام میں شعور بیدار کریں۔ الطاف حسین
دہشت گردی کے خلاف آپ کا تعاون اور اتحاد ہمارے لئے تقویت کا باعث ہے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی الطاف حسین سے گفتگو
ہمیں آپ کی دوستی اور جذبہ پر فخر ہے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی الطاف حسین سے گفتگو
اس نازک وقت میں تمام سیاسی قوتوں کو دہشت گردوں کے خلاف متحد ہوجانا چاہیے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

لندن۔۔۔4، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آج وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور ان سے راولپنڈی میں پریڈ لائن مسجد میں دہشت گردوں کے حملے کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مسلح دہشت گردوں نے پریڈ لائن مسجد میں فوج کے افسروں، جوانوں اور عام شہری نوجوانوں، بزرگوں اور بچوں پر جس طرح حملہ کیا ہے اور انہیں جس بیدردی سے شہید کیا ہے اسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ جناب الطاف حسین نے واقعہ کو قومی سانحہ قرار دیتے ہوئے اس پر صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور چیف آف آرمی جنرل اشفاق پرویز کیانی سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس قومی سانحہ پر ہمارے دل خون کے آنسو رو رہے ہیں اور اس قومی سانحہ پر ہم حکومت اور مسلح افواج سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور انکے غم میں شانہ بشانہ شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہید افسروں، جوانوں اور دیگر شہیدوں کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مسلح افواج اور موجودہ حکومت کی کوششوں کی کامیابی کیلئے دعاگو ہیں۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ ملک بھر کے عوام سیاسی وابستگی سے بالاتر ہوکر دہشت گردی کے خلاف متحد ہوجائیں اور دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مسلح افواج، لاء انفورسمنٹ ایجنسیز اور حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، اتحاد کا مظاہرہ کریں، ویجیلنس کمیٹیاں قائم کریں اور مشکوک افراد کے بارے میں پولیس وانتظامیہ کو آگاہ کریں۔ انہوں نے علمائے حق سے اپیل کی کہ وہ بھی آگے آئیں اور دہشت گردوں کے خلاف عوام میں شعور بیدار کریں۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی کا واقعہ یقیناً ایک بڑا قومی سانحہ ہے۔ وزیراعظم نے یکجہتی کے اظہار پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف آپ کا تعاون اور اتحاد ہمارے لئے بڑی تقویت کا باعث ہے، ہمیں آپ کی دوستی اور جذبہ پر فخر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس نازک وقت میں تمام سیاسی قوتوں کو دہشت گردوں کے خلاف متحد ہوجانا چاہیے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین کو اپنے جرمنی اور برطانیہ کے کامیاب دورے کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔

## پریڈ لائن مسجد میں خودکش حملہ بزدلانہ کارروائی اور کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین
## ہم وطن اور کلمہ گو بھائیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہوسکتے
## پاکستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج کے ساتھ ہیں
## راولپنڈی میں واقع پریڈ لائن مسجد میں خودکش حملہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔4، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے راولپنڈی میں واقع پریڈ لائن مسجد میں خودکش حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور حملہ میں متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور شدید غم وغصہ کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پریڈ لائن مسجد میں خودکش حملہ نہ صرف شرمناک اور بزدلانہ کارروائی ہے بلکہ کھلی دہشت گردی بھی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مسلمان مسجد پر خودکش حملہ کرنے یا کسی بے گناہ کو قتل کرنے کا تصور تک نہیں کرسکتا اور جو درندہ صفت عناصر اسلام کے نام پر مساجد، امام بارگاہوں اور سرکاری عمارتوں پر خودکش حملے کررہے ہیں اور اپنے گھناؤنے مقاصد کیلئے اپنے ہم وطن اور کلمہ گو بھائیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہوسکتے بلکہ یہ درندہ صفت دہشت گرد دین اسلام اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین

نے کہا کہ پاکستان کے عوام اعتدال پسند ہیں اور ہر قسم کی دہشت گردی کے خلاف ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پریڈ لائن مسجد میں خودکش حملہ کوفوری نوٹس لیا جائے، خودکش حملہ میں ملوث تمام دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے پریڈ لائن مسجد میں خودکش حملہ کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## عوام سفاک دہشت گردوں کے غیر شرعی، غیر اسلامی اور غیر انسانی عمل کو جائز قرار دینے والے علمائے سو اور نام نہاد مذہبی جماعتوں کا مکمل بائیکاٹ کریں، رابطہ کمیٹی

## درندہ صفت دہشت گرد دین اسلام، مسلمانوں، انسانیت اور پاکستان کے کھلے دشمن ہیں

## علمائے حق میدان عمل میں آکر مساجد پر خودکش حملے کرنے والے سفاک دہشت گردوں کے خلاف فتوے دیں

## ہر محبّ وطن پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف مسلح افواج کا بھرپور ساتھ دیں

## عوام دہشت گردوں پر نظر رکھنے کیلئے اپنے اپنے علاقوں میں محلّہ کمیٹیاں بنا کر اجنبی اور مشکوک افراد پر خصوصی نظر رکھیں

## جمعہ کے روز راولپنڈی میں واقع پریڈ لائن مسجد پر خودکش حملہ پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔4، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ خودکش حملہ کرنے والے سفاک دہشت گردوں کے غیر شرعی، غیر اسلامی اور غیر انسانی عمل کو جائز قرار دینے والے علمائے سو اور نام نہاد مذہبی جماعتوں کا مکمل بائیکاٹ کریں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی راولپنڈی کی پریڈ لائن مسجد پر خودکش حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے خودکش حملے میں قانون نافذ کرنے والے ادارے کے چار سینئر اہلکاروں سمیت درجنوں بے گناہ نمازیوں کے ہلاک و زخمی ہونے کے واقعہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جمعۃ المبارک کی نماز کے دوران بے گناہ نمازیوں پر دہشت گردوں کا وحشیانہ حملہ انتہائی قابل مذمت ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ مسجد پر حملہ کرنے والے سفاک دہشت گرد نہ تو مسلمان ہیں اور نہ ہی انسانیت پر یقین رکھتے ہیں بلکہ یہ درندہ صفت دہشت گرد دین اسلام، مسلمانوں، انسانیت اور پاکستان کے کھلے دشمن ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ دین اسلام کی اصل روح کو سمجھنے والے پاکستان بھر کے علمائے حق میدان عمل میں آئیں۔ ان کا یہ اسلامی فریضہ ہے کہ مساجد پر خودکش حملے کرنے والے سفاک دہشت گردوں کے خلاف فتوے دیں اور ہمت و جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے خطبات، بیانات اور مضامین کے ذریعہ قوم کو درندہ صفت دہشت گردوں کی غیر شرعی، غیر اسلامی اور غیر انسانی کارروائیوں سے آگاہ کریں جو اسلام کے نام پر بے گناہ شہریوں کو خاک و خون میں نہلا رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر کے عوام علمائے سو، نام نہاد مذہبی جماعتوں اور مذہبی رہنماؤں کا مکمل بائیکاٹ کریں جو بالواسطہ یا بلاواسطہ ان سفاک دہشت گردوں کی حمایت کرتے ہیں، ان کی پشت پناہی کر رہے ہیں اور مذہبی انتہاء پسندوں کی وحشیانہ کارروائیوں کے الزامات دوسرے ممالک پر لگا کر درندہ صفت دہشت گردوں کے غیر شرعی، غیر اسلامی اور غیر انسانی عمل کو جائز قرار دینے کا جواز فراہم کر رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان سے سچی محبت کرنے والے ہر محبّ وطن پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مسلح افواج کا بھرپور ساتھ دیں۔ پاکستان کے عوام، طلباء و طالبات، دانشور، صحافی حضرات، قلمکار، محنت کش اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے تمام محبّ وطن پاکستانی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کریں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پوری قوم سیسہ پلائی دیوار کی طرح سفاک دہشت گردوں کے خلاف اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرے، ملک بھر کے عوام دہشت گردوں پر نظر رکھنے کیلئے اپنے اپنے علاقوں میں محلّہ کمیٹیاں بنا کر نہ صرف نگرانی کریں بلکہ اپنے اپنے علاقوں کی حفاظت کیلئے اجنبی اور مشکوک افراد پر خصوصی نظر بھی رکھیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ راولپنڈی میں خودکش حملہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کی گرفتاری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر ٹھوس اور عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مزید مؤثر اقدامات کئے جائیں۔ رابطہ کمیٹی نے خودکش حملہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام شہداء کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد صحت یاب کرے۔ (آمین)

## سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر عرفان گل مگسی اور ضلعی ناظمہ ڈاکٹر راحیلہ گل مگسی کے والد رئیس اللہ بخش مگسی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## نماز جنازہ و تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان، حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین، ضلع ناظم حیدرآباد کنور نوید جمیل، تعلقہ ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز، زونل کمیٹی کے ارکین کی شرکت

لندن۔۔۔04دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ عوامی اتحاد کے رہنماء اور سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر عرفان گل مگسی اور ضلعی ناظمہ (ٹنڈوالہ یار) ڈاکٹر راحیلہ گل مگسی کے والد رئیس اللہ بخش مگسی کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے، سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر عرفان گل مگسی اور ضلعی ناظمہ (ٹنڈوالہیار) ڈاکٹر راحیلہ گل مگسی کے والد رئیس اللہ بخش مگسی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔علاوہ ازیں رئیس اللہ بخش مگسی کی نماز جنازہ تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان، حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین، ضلع ناظم حیدرآباد کنور نوید جمیل، تعلقہ سٹی ناظم (حیدرآباد) جمیل الرحمان، ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین، ٹنڈوالہ یار سے تعلق رکھنے والے حق پرست یوسی ناظمین، کونسلرز اور ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زونل کمیٹی کے اراکین اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## جسقم کے وائس چیئرمین آکاش ملاح کی گرفتاری اور تاحال گمشدگی کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔04دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جئے سندھ قومی محاذ کے وائس چیئرمین آکاش ملاح کی گرفتاری کے بعد تاحال گمشدگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ آکاش ملاح کو جلد از جلد بازیاب کرایا جائے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خفیہ ایجنسیاں ایک بار پھر صوبہ سندھ کے پرامن حالات خراب کرنے کی گھناؤنی سازش کررہی ہے اورانہوں نے جسقم کے رہنماء آکاش ملاح کو نامعلوم مقام پر منتقل کررکھا ہے جبکہ حکومت سندھ کی جانب سے تمام تر یقین دہانیوں کے باوجود آکاش ملاح عدم بازیابی سندھ کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے جس کے باعث سندھ کے عوام آکاش ملاح کی بازیابی کیلئے احتجاج کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سرکاری ایجنسیوں کی جانب سے سیاسی رہنماؤں وکارکنان اور شہریوں کے اغواء کی بڑھتی ہوئی وارداتوں سے سندھ کے عوام میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے جبکہ جسقم کے رہنماء آکاش ملاح کی گرفتاری کی بعد اغواء کا واقعہ بھی اس سلسلے کی کڑی ہے جس کا مقصد سندھ کے عوام کو مشتعل کرکے سندھ کے حالت کو خراب کرنا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ جسقم کے وائس چیئرمین آکاش ملاح کی گرفتاری اور عدم بازیابی کا نوٹس لیں اور ان کی بازیابی کیلئے ٹھوس بنیادوں پر احکامات صادر فرماتے ہوئے ایجنسیوں سے باز پرس کریں۔

## رافا مشن انٹرنیشنل کے چیئرمین پاسٹر سلمان منظور کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔04دسمبر 2009ء

رافا مشن انٹرنیشنل کے چیئرمین پاسٹر سلمان منظور میتھوڈسٹ چرچ کے بشپ بشیر ایل مل نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور ملاقات نصف گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں پاکستان کی بقاء وسلامتی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں اور کراچی میں جدید مشینری اور آلات سے آراستہ ہسپتال قیام پر تبادلہ خیال کیا گیا۔سلمان منظور نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کی بات کی ہے اور اپنے نمائندوں کو بھی یہی درس دیا ہے اور الطاف حسین کے مشن میں ہم ان کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتے ہیں اور ان کے عوامی نمائندوں خصوصاً جاوید احمد اور اسٹفین آصف کو امریکہ کی برانچ سے تعریفی اسناد اور امن ایوارڈ دینا چاہتے ہیں اور قائد تحریک الطاف حسین کے ساتھ مل کر کراچی میں ایک جدید طرز کا بڑا اسپتال بھی قائم کرنا چاہتے ہیں جہاں

غریب عوام کو علاج معالجے کی سستی سہولیات فراہم کی جائیں۔انہوں نے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر پاکستان خصوصاً شہر کراچی میں مذہبی اقلیتوں کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کیلئے عملی خدمات پر ایم کیوایم اور حق پرست سے اظہار تشکر کیا۔اس موقع پر اقلیتی امور کمیٹی کے اسٹفین، پاسٹر جاوید انجم اور جمشید ٹاؤن کے حق پرست ناظم جاوید احمد بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔04/دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 28 امین الحق کی والدہ فاطمہ بی بی، ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 138 کے کارکن خالد رحیم کی والدہ مقصودی بیگم، ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے کارکن مرتضیٰ حسین کی ہمشیرہ عشرت بانو اور ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر یوسی 1 کے کارکن سید نعیم کے صاحبزادے سید بشیر علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

## جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 24ویں برسی ایم کیوایم پنجاب کے زیر اہتمام پورے عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی، ایم کیوایم پنجاب کے تمام ضلعی دفاتر میں فاتحہ خوانی وقرآن خوانی کے اجتماعات منعقد ہونگے

لاہور۔۔۔4، دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی والدہ محترمہ خورشید بیگم کی 24ویں برسی ایم کیوایم پنجاب کے زیر اہتمام پورے عقیدت واحترام کے ساتھ منائی جائے گی۔اس سلسلہ میں ایم کیوایم پنجاب کے تمام ضلعی دفاتر میں فاتحہ خوانی وقرآن خوانی کے اجتماعات منعقد ہونگے۔دریں اثناں فاتحہ خوانی وقرآن خوانی کے لیئے پنجاب کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں منعقد ہوگا جس میں ذمہ داران وکارکنان کی کثیر تعداد شریک ہوگی۔

## پیپلز پارٹی کے سابق عہدیداران نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی، جناب الطاف حسین نے ملک کے 98% غریب عوام کی محرومیاں دور کرنے کے لیئے جو عملی ثبوت دیا ہے اسکی کہیں مثال نہیں ملتی، میاں شکور (سابق جنرل سیکرٹری پی پی پی کبیروالہ) خانیوال کی تحصیل کبیروالا کے ایک مقامی ہوٹل میں ایم کیوایم میں شمولیت کے سلسلہ میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب

لاہور۔۔۔4، دسمبر2009ء

پاکستان پیپلز پارٹی کبیروالہ کے سابق عہدیداران نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ سے متاثر ہوکر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی۔پی پی پی کے سابق عہدیداران نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے ملک کے 98% غریب عوام کی محرومیاں دور کرنے کے لیئے جو عملی جدوجہد شروع کی ہے اس سلسلہ میں وہ جناب الطاف حسین کے مضبوط بازو بنیں گے۔یہ بات انہوں نے خانیوال کی تحصیل کبیروالا کے ایک مقامی ہوٹل میں ایم کیوایم میں شمولیت کے سلسلہ میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر ایم کیوایم خانیوال کے آرگنائزر ندیم اصغر بھی موجود تھے۔شمولیت اختیار کرنے والوں میں میاں شکور (سابق جنرل سیکرٹری پی پی پی کبیروالہ)، ملک لطیف (سابق صدر پی پی پی کبیروالہ)، رانا مختیار (سابق نائب صدر پی پی پی کبیروالہ)، ملک عبدالراؤف (سابق صدر یوتھ ونگ پی پی پی کبیروالہ)، امان اللہ خان (سابق جنرل سیکرٹری یوتھ ونگ پی پی پی کبیروالہ)، ملک توفیق (سابق جوائنٹ سیکرٹری یوتھ ونگ پی پی پی کبیروالہ)، خالد لودھی، عامر علی بھٹی، شفیق احمد، رشید بھٹی، یٰسین ملک، ڈاکٹر فیاض، حاجی سخاوت، ملک ساجد، ساجد سرور، چوہدری ارشد ودیگر شامل تھے۔اس موقع پر ندیم اصغر (ضلعی آرگنائزر ایم کیوایم خانیوال) نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ دہرے طبقاتی نظام کے خاتمے کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔کسی بھی قوم کے باشعور سیاسی کارکنان معاشرے کے ارتقاء میں انقلابی کردار ادا کرتے ہیں لہٰذا تمام کارکنان پر ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر عمل کرتے ہوئے تحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنی

پوری صلاحیتوں کے مطابق کام کریں۔قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کی سچائی کا ثبوت یہ ہے کہ آج کراچی سمیت پورے ملک میں ایم کیوایم کا نظریہ حق پرستی پھیل چکا ہے۔دریں اثناء انہوں نے نئے شامل ہونے والوں کومبارکباد بھی پیش کی۔

## مسجد میں معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے درندہ صفت طالبان انسانیت کے کھلے دشمن اور بزدل ہیں،ایم کیوایم پنجاب
## وطن عزیز کے غیورعوام دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ ہیں،
## پریڈلائن مسجد راولپنڈی میں نماز جمعہ کی ادئیگی کے دوران خودکش بم دھماکوں پر اظہار مذمت

لاہور۔۔۔۔۔۔4،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے رہنماؤں نے پریڈ لائن مسجد راولپنڈی میں نماز جمعہ کی ادئیگی کے دوران خودکش بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاور دھماکوں میں سیکورٹی فورسز کے افسران و جوانوں سمیت متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھااورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گردی اورانتہاءپسندی کے خلاف نبردآزما سیکورٹی فورسز کے افسران و جوانوں سمیت متعدد افراد کی خودکش حملوں میں شہادت ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی اور دہشت گردی اورانتہاءپسندی کا ایک دن ضرورخاتمہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے گھر مسجد میں معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے درندہ صفت طالبان انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور بزدل ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی حالیہ لہر سے اندرونی طور پر نمٹنے کیلئے ملک بھر میں عوام کی جانب سے حفاظتی نظام قائم کیا جائے اور مشکوک عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے۔دریں اثناء انہوں نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پریڈ لائن مسجد راولپنڈی میں خودکش بم دھماکوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور دہشت گردوں کی سرکوبی کرکے عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔انہوں نے پریڈ لائن مسجد راولپنڈی میں خودکش بم دھماکوں میں سیکورٹی فورسز کے افسران و جوانوں سمیت متعدد افراد کے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیااور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے کارکن مرتضیٰ حسین کی ہمشیرہ عشرت بانو کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔04/دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے کارکن مرتضیٰ حسین کی ہمشیرہ عشرت بانو کی انتقال پر دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں،انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ڈیفنس فیز2 کمرشل ایریا کے رہائشی شکیل گل ولدگل محمد خان کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔04/دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 2 کمرشل ایریا کے رہائشی شکیل گل ولدگل محمد خان نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ مذکورہ شخص کا ایم کیوایم قطعی کوئی تعلق نہیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شکیل گل ولدگل محمد خان جرائم پیشہ شخص ہے جو مختلف جرائم میں ملوث ہے اور علاقے میں خود کو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرکے ایم کیوایم کو بدنام کررہا ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کیا کہ وہ ڈیفنس فیز2 کمرشل ایریا کے رہائشی گل ولدگل محمد خان کا ایم کیوایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی وہ ایم کیوایم کا نام استعمال کرکے ایم کیوایم بدنام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کی اطلاع فوری طور پر نائن زیرو پر کریں۔

☆☆☆☆☆